# علاقائی خبریں

10 جولائی 2026

1:10 P.M.

وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے آج بیکاپور اسمبلی حلقہ کے ایم ایل اے امیت سنگھ چوہان کے والد سابق وزیر آنجہانی منا سنگھ چوہان کے مجسمے کی نقاب کشائی کی ۔ اس کے ساتھ انہوں نے 432 کروڑ 70 لاکھ 9 ہزار روپے کے 217 پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا اور مختلف اسکیموں کے استفادہ کنندگان میں چیک، ہاؤسنگ اسکیم کی چابیاں، آیوشمان کارڈ اور ٹول کٹس بھی تقسیم کیں۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب عوام اچھے نمائندے کو منتخب کرتی ہے تو تبدیلی آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح ایودھیا میں تبدیلی اور ترقی نظر آرہی ہے، اسی طرح بیکاپور میں بھی ترقی نظر آرہی ہے۔

बाइट ...........

...................................................

پولیس کی ایک خصوصی ٹیم نے ایودھیا میں شری رام جنم بھومی مندر کے نذرانے میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات کو تیز کر دیا ہے۔پولیس نے آٹھ ملزمان کے تقریباً تیس بینک اکاؤنٹس سیز کر دیے ہیں، ساتھ ہی ان کے خاندان کے افراد اور رشتہ دار بھی شک کے دائرے میں ہیں۔

پولیس نے کئی دیگر افراد کو بھی حراست میں لے لیا ہے اور ان سے پوچھ گچھ کر رہی ہے۔ اس درمیان، شری رام جنم بھومی تیرتھ کھیتر ٹرسٹ کے خزانچی گووند دیو گری نے کہا کہ ٹرسٹ اب ایسے انتظامات کر رہا ہے تاکہ مستقبل میں اس طرح کے واقعات رونما نہ ہوں۔شری رام جنم بھومی مندر میں درشن کے لیے جاری وی آئی پی پاس سسٹم میں بھی تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ خصوصی پاسز

کے لیے نئی ریفرنس آئی ڈی ابھی تک جاری نہیں کی گئی ہیں۔ اس لیے پہلے جاری کیے گئے خصوصی پاسز کی توثیق کی جا رہی ہے، لیکن نئے پاسز نئے ریفرنس آئی ڈی جاری ہونے کے بعد ہی جاری کیے جائیں گے۔

..................................................

مرکزی وزیر مملکت برائے خزانہ، اور بھارتیہ جنتا پارٹی کے ریاستی صدر پنکج چودھری نے کل مرزا پور میں پارٹی عہدیداروں اور عوامی نمائندوں کے ساتھ میٹنگ کی تاکہ تنظیمی سرگرمیوں پر تبادلہ خیال کیا جاسکے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے مسٹر چودھری نے کہا کہ ایودھیا کے شری رام مندر میں نذرانے کی چوری کی تحقیقات میں جو بھی قصوروار پایا گیا اسے سخت کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

..................................................

ریاستی حکومت نے کل دیر رات 20 آئی اے ایس افسران کا تبادلہ کیا، جس کے نتیجے میں میڈیکل ایجوکیشن اینڈ رجسٹریشن ڈیپارٹمنٹ میں بڑا ردوبدل ہوا۔ میڈیکل ایجوکیشن کے ڈائریکٹر جنرل اور میڈیکل ایجوکیشن کی سیکریٹری ڈاکٹر ساریکا موہن کو انسپکٹر جنرل آف رجسٹریشن بنایا گیا ہے۔ نیہا شرما جو اس عہدہ پر کام کر رہی تھیں، کو ڈی جی ایم ای اور سیکرٹری میڈیکل ایجوکیشن کا چارج دیا گیا ہے۔ اٹاوہ کے چیف ڈیولپمنٹ آفیسر اجے کمار گوتم کا تبادلہ کرکے انہیں ایڈیشنل کمشنر آف اسٹیٹ ٹیکس غازی آباد فرسٹ بنایا گیا ہے۔ مظفر نگر میں اے ڈی ایم ایڈمنسٹریشن کے طور پر تعینات سنجے کمار سنگھ کو اٹاوہ کا نیا سی ڈی او مقرر کیا گیا ہے۔

..................................................

ایک ملک، ایک انتخاب" پر مشترکہ پارلیمانی کمیٹی آج سے 15 جولائی تک لکھنؤ کا دورہ کرے گی۔ پیش ہے ایک رپورٹ ۔

..................................................

ریاستی حکومت 12 جولائی کو 35 کروڑ پودے لگائے گی۔ وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے حال ہی میں ایک میٹنگ میں خصوصی ہدایات دی تھیں کہ اس مہم کو عوامی نمائندوں کی موجودگی میں عوام کی شرکت کے ساتھ منایا جائے۔ اس کو ذہن میں رکھتے ہوئے مرکزی اور ریاستی حکومتوں کے وزراء مختلف اضلاع میں جائیں گے اور پودے لگائیں گے۔ وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ گورکھپور میں 'ایک پیڑ ماں کے نام' لگائیں گے، جبکہ نائب وزیر اعلی کیشو پرساد موریہ جھانسی میں اور برجیش پاٹھک لکھنؤ میں ایک درخت لگائیں گے۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کے ریاستی صدر پنکج چودھری بھی لکھنؤ میں ایک درخت لگائیں گے۔

..............................................

ریاست کے کئی اضلاع میں کل سے وقفے وقفے سے بارش ہو رہی ہے۔ کچھ اضلاع میں موسلادھار بارش سے معمولات زندگی درہم برہم ہو گئے ہیں۔ لکھنؤ، فرخ آباد، مظفر نگر، سنبھل، نوئیڈا، ہاپوڑ، ایودھیا، چترکوٹ، بجنور اور بستی سمیت کئی اضلاع میں کل ہلکی سے بھاری بارش ریکارڈ کی گئی

..............................................